EN/04/Oct-Nov/2024

بلیورز ایسٹرن چرچ ورلڈ ہیڈ کوارٹرز

آفس آف دی میٹروپولیٹن، سینٹ تھامس کمیونٹی، کتاپوزہا پوسٹ آفس تھرووالا۔ ۶۸۹۱۰۳ کیرالہ، انڈیا

اکتوبر/نومبر ۲۰۲۴

چوپانی خط

تمام آرچ بشپ اور بشپ صاحبان، پریسٹ اور ڈیکن صاحبان، مبشران اور راہبات کی جماعت، اور دنیا بھر میں بلیورز ایسٹرن چرچ کے سب ایمانداروں کو، باپ، بیٹے اور روح القدس کے نام سے برکات اور سلام۔ آمین!

مسیح میں میرے عزیزو،

جیسے قدرت کے موسم ہوتے ہیں، اسی طرح چرچ میں بھی موسم ہوتے ہیں۔ ہمارا روحانی سال، روزوں، عیدوں، اور دعاؤں، روزہ، اور خیرات جیسے نظم وضبط کے ساتھ ہمیں مسیح کی مانند ہونے میں مضبوط کرنے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ہم پیدائش ۸: ۲۲ میں پڑھتے ہیں: "بلکہ جب تک زمین قائم ہے بیج بونا اور فصل کاٹنا۔ سردی اور تپش۔ گرمی اور جاڑا۔

دن اور رات موقوف نہ ہوں گے۔" یہ موسم اور سرگرمیاں بوجھ نہیں بلکہ برکات ہیں، جو ہمیں ایمان اور گواہی میں مضبوط اور گہرا ہونے میں ہماری مدد کرتی ہیں۔

نومبر بشارت اور آمد کے مقدس موسموں کی ابتداء کر کے نئے لطوریائی سال کا آغاز کرتا ہے۔ یہ گزشتہ سال پر دھیان کرنے اور نئے روحانی عہد لینے کا بہترین وقت ہے۔ شاید آپ نے کلام پڑھنا نظر انداز کر دیا ہو، چرچ میں شرکت کرنا چھوڑ دیا ہو، یا روحانی سستی میں گر گئے ہوں۔ آیئے پاک لطوریا میں باقاعدگی سے شریک ہونے، پاک یوخرست میں حصہ لینے اور سنجیدگی کے ساتھ خاندانی عبادت کرنے کا عزم کریں۔

ان تحائف کو استعمال کرتے ہوئے جو خدا نے آپ کو اس کی کلیسیا قائم کرنے اور دوسروں کے ساتھ خدا کی محبت کو بانٹنے کے لیے دیا ہے، چرچ کی خدمات میں زیادہ فعال طریقے سے مشغول ہونے کا عہد کریں۔

والدین، میری آپ سے تاکید ہے کہ اپنے بچوں کو کلیسیائی کیلنڈر کے مطابق چلنا سکھائیں۔ ان کی روحانی تربیت گھر سے شروع ہوتی ہے -- یہ ان کی بنیاد ہے؛ اور یہ اشد ضروری ہے کہ وہ ابتدائی عمر سے ہی دُعا، روزہ، خیرات دینا اور ایمان کے مطابق زندگی گزارنا سیکھیں۔ نوجوانوں کے لیے، میں مقدس پولوس رسول کے الفاظ گردانتا ہوں: ''کوئی تیری جوانی کی حقارت نہ کرنے پائے،'' بلکہ اپنے اعمال کے ذریعے نمونہ بن (۱ تیمتھیس ۴: ۱۲)۔

جیسا کہ ہم مقدس کلیسیا کے اس نئے سال اور مسیح میں داخل ہوتے ہیں، آیئے ہم اس میں 'وقت کی علامت' کے طور پر نہیں، بلکہ اپنے آپ کو پھر سے وقف کرنے کے موقع کے طور پر داخل ہوں۔ ہمارے ارادے، دنیاوی لوگوں کے برعکس، محض انسانی قوت ارادی کی بجائے خدا کے فضل اور طاقت میں پیوست ہیں۔ آیئے اکٹھے مل کر موسموں کا سفر کریں، خوشی سے عیدیں مناتے ہوئے اور عاجزی اور توبہ کے ساتھ روزے رکھتے ہوئے، مسیح میں ایک بدن کے طور پر بڑھتے جائیں۔

میں مقدس پولوس کے ساتھ دعا مانگنے میں شامل ہوتا ہوں کہ آپ "... معلوم کرسکو کہ مسیح کی محبت کی چوڑائی، لمبائی، اونچائی اور گہرائی کتنی ہے... تاکہ تم خدا کی ساری معموری تک معمور ہو جاو۔(افسیوں ۳: ۱۷- ۱۹)۔ خدا ئے تثلیث کی بے پایاں طاقت جو ہم میں کام کرتی ہے، کلیسیا اور دنیا میں تمام مقدسین اور مقدس تھیوٹوکوس کی شفاعتوں کے وسیلے سے اور ہماری زندگیوں کے ذریعے، جلال اور عزت لائے۔ اب سے ہمیشہ تک۔آمین

مسیح میں، تمہارا باپ،

مورن مور سیموئیل تھیوفیلس — بتاریخ: ۲۵ ااکتوبر ۲۰۲۴

میٹروپولیٹن — بمقام: ورلڈ چرچ ہیڈ کوارٹرز